10 ستمبر 2018ء

## اسٹیٹ بینک نے 5000 روپے مالیت کا کرنسی نوٹ بند کرنے کی افواہوں کی تردید کر دی

بینک دولت پاکستان نے سوشل میڈیا میں 5000 روپے مالیت کا کرنسی نوٹ بند کرنے کے حوالے سے گردش کرنے والی افواہوں کی سختی سے تردید کی ہے اور عوام سے درخواست کی ہے کہ وہ ایسی بے بنیاد افواہوں پر توجہ نہ دیں۔

مزید یہ واضح کیا جاتا ہے کہ ایس بی پی ایکٹ 1956ء میں کرنسی نوٹوں کے اجراء، سرکولیشن اور ڈی مونیٹائزیشن / منسوخی کے لیے اسٹیٹ بینک سمیت مختلف اداروں کے کردار اور فرائض کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ ایکٹ کی دفعہ 25 کے تحت کرنسی نوٹوں کی ڈی مونیٹائزیشن / منسوخی کے بارے میں کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے اسٹیٹ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش درکار ہوتی ہے۔ اسٹیٹ بینک بورڈ نے وفاقی حکومت یا کابینہ کو 5000 روپے کے کرنسی نوٹ کی ڈی مونیٹائزیشن یا بند کرنے کے حوالے سے کوئی سفارش نہیں کی ہے۔ مزید یہ کہ کسی کرنسی نوٹ کی ڈی مونیٹائزیشن کی صورت میں اسٹیٹ بینک کافی پہلے اس کا اعلان کرتا ہے اور عوام کو ڈی مونیٹائزیشن کے عمل سے گذرنے والی کرنسی کو تبدیل کرنے کے لیے کافی مہلت دیتا ہے۔ اسٹیٹ بینک ایسے تمام اعلانات اپنی ویب سائٹ پر رکھتا ہے اور اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے بھی یہ معلومات عام کرتا ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایسی افواہوں پر توجہ نہ دیں جن سے غیر ضروری سنسنی اور بے چینی پھیلتی ہے۔ عوام اس حوالے سے اپنے جاننے والوں کو کوئی بھی معلومات فارورڈ کرنے سے قبل اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ (www.sbp.org.pk)، فیس بک پیج (https://www.facebook.com/StateBankPakistan) یا ٹوئٹر اکاؤنٹ پر اس کی توثیق کر لیں۔

******